ABC PROCESS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
MEMBER APRNS
دارالحکومت اسلام آباد، لاہور، وہاڑی، ملتان بہاولپور رحیم یار خان و دیگر شہروں میں کثیر تعداد میں پڑھا جانے والا اخبار
DAILY AWAMI SAMA
چیف ایڈیٹر: چوہدری وامق رامے
گروپ ایڈیٹر: محمد ثاقب
روزنامہ عوامی سماء
جھنگ
لاہور
لیگل ایڈوائزر: راؤ شہزاد ایڈووکیٹ

| جلد نمبر 01 | منگل 07 محرم الحرام 1448ھ 23 جون 2026ء 09 ہاڑ | شمارہ نمبر 277 |
|---|---|---|

# عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

## باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے



میلسی سے قاضی محمد رمضان کی رپورٹ عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیرمقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ یہ بات نعیم احمد مرزا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ممتاز مغل ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروگرام عورت فاؤنڈیشن نے ایک اسلام آباد ایک میٹنگ میں کی انہوں نے کہا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔عورت فاؤنڈیشن پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک، قابلِ ستائش اور مؤثر کاوشوں کو سراہتی ہے، جن کی مدبرانہ قیادت اور علاقائی امن سے وابستگی نے اس تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔۔ان کی کوششیں بین الاقوامی سطح پر امن اور استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کی عکاس ہیں۔مذید کہا کہ یہ اہم پیش رفت عالمی امن، سلامتی اور اقوام کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گی۔ بالخصوص خواتین، بچوں اور دیگر کمزور و محروم طبقات کو۔۔انہوں نے کہا پاکستان امن کا گہوارہ ہے یہ ثابت کر دیا ہے